10/04/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ بلیٹن لےکر میں بلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........لیفٹنٹ گورنر نے منشیات سے پاک سماج کی تعمیر کیلئے سبھی طبقونسے وابستہ لوگوں کوعہد لینے کیلئے کیا مدعو۔

*........حکومت شہر سرینگر میں گنجانیت کم کرنے کیلئے جدید طرز کی رہائشی کالنیاں قائم s کرنے کا بنا رہی ہے منصوبہ // وزیر اعلیٰ۔

*........ مردم شماری 2027 قومی ڈیجیٹل اصلاحات کا مشن//چیف سیکریٹری // کہا ملک کی اقتصادی ترقی کیلئے ڈیٹا ایک اہم جُز۔

اور

*........دنیا کے مہنگے ترین مشروم گُچی کی کاشت کاری سے متعلق سکاسٹ کشمیر کی طرف سے ٹیکنالوجی تیار ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کل جموں کے مولانا آزاد سٹیڈیم سے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سو روز پر محیط ایک جامع بیداری مہم کا آغاز کریں گے ۔ وہ اس سلسلے میں ایک پَد یاترا میں بھی شرکت کریں گے ۔

منوج سنہا نے سول سوسائٹی ، ماہرین تعلیم ، کھلاڑیوں ، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور سماج کے سبھی طبقوں سے وابستہ افراد کو منشیات کے پاک ایک سماج کی تعمیر کے لئے عہد لینے کے لئے مدعو کیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت سرینگر شہر میں گنجانیت کو کم کرنے کےلئے منصوبہ بند طریقے پر جدید طرز کی رہائشی کالونیاں قائم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔

حضرت بل حلقے کے عمر ہیر بڑھ پورہ علاقے میں امام الا عصر مولانا انور شاہ کشمیری ؒ کمیونٹی ہال کا افتتاح کرنے کے بعد وزیراعلیٰ نے مکانات، طبی نگہداشت، ٹرانسپورٹ اور سماجی بہبود میں عملائے جا رہے کلیدی نوعیت کے پروجیکٹوں کو اُجاگر کیا۔یہ کمیونٹی ہال 3 کروڑ 17 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ سرکار جموں اور سرینگر شہروں کی یکساں ترقی کے لئے پُر عزم ہے ۔ یہ بات انہوں نے آج سول سیکریٹریٹ جموں میں عوامی مسائل کا جائزہ لینے کے دوران کہی ۔ اس موقعہ پر جموں کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوامی وفود نے نائب وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے مطالبات ان کے سامنے رکھے ۔

سابق ایم ایل سی رتن لال گپتا کی سربراہی میں بھی ایک وفد نے نائب وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کی ۔ نائب وزیر اعلیٰ نے لوگوں کے مسائل حل کرنے کا یقین دلایا ۔

**درخشاں اندرابی**

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے مساجد اور خانقاہوں کے ائمہ اور خطیبوں سے گزارش کی ہے کہ وہ ہر جمعے کو خطبے کے دوران وادی میں منشیات کے بڑھتے استعمال کے مضر اثرات کے بارے میں لوگوں کو آگاہ کریں ۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے لئے جاری ایک تحریری بیان میں ڈاکٹر اندرابی نے کہا ہے کہ وادی میں منشیات کے استعمال کی عادت میں مبتلا نوجوانوں کا مستقبل تاریکی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے ۔ انہوں نے والدین اور سماج کے ذمہ دار افراد سے بھی گزارش کی ہے کہ وہ نوجوانوں کی عادتوں اور مصروفیات پر خصوصی نگاہ رکھیں ۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ سرینگر کے بادام واری علاقے میں قائم Institute of Mental Health and Nuero Sciences IMHANS کے علاوہ SMHS اسپتال ، JVCاسپتال اور وادی کے مختلف اضلاع میں De-Addiction مراکز میں علاج کی مستنند طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہےں۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ مردم شماری 2027محض اعداد و شمار کی ایک مشق کی نہیں ہے بلکہ یہ ایک قومی ڈیجیٹل اصلاحات کا مشن ہے جو وکست بھارت اور شواہد پرمبنی پالیسی منصوبہ بندی کیلئے ایک بنیاد فراہم کرے گی۔

آج ابھینو تھیٹر جمونمیں سینسس2027سے متعلق منعقدہ ایک اجلاس میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اٹل ڈلو نے ڈیٹا کو ملک کی اقتصادی ترقی کو نئی جلا بخشنے کیلئے ایک اہم جُز قرار دیا ۔

مائی بھارت

امور نو جوان اور کھیل کود کی مرکزی وزارت میرا یوا بھارت کے تحت جموں و کشمیر اور لداخ کیلئے مائی بھارت Quest 2026 Zone 1 کا گرینڈ فنالے 12اور 13اپریل کو شیرکشمیر انٹر نیشنل کانفرنس سینٹر سرینگر میں منعقد کرے گی۔

**SKIMS**

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے ادارے کے مختلف شعبوں میں کام کرنے والے عملے کی لگن اور تندہی کی سراہنا کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکمز طبی خدمات میں مزید بہتری لانے کے لئے پُر عزم ہے ۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے ایک تقریب کے دوران کیا جو ادارے کے سکیورٹی Supervisor نریندر سنگھ کی ترقی پر ان کی عزت افزائی کے لئے منعقد کی گئی تھی ۔ نریندر سنگھ کو ترقی دے کر اسسٹنٹ سکیورٹی آفیسر کے عہدے پر تعینات کیا گیا ہے ۔

تقریب میں ادارے کے مختلف شعبوں سے وابستہ حکام اور عملے نے شرکت کی ۔

**دن**

آج Homoeopathy کا عالمی دن ہے۔ یہ دن Homoeopathy کے بانی ڈاکٹر Hahnemann کے جنم دن کے طور پر منایا جاتا ہے اور اس سال اس دن کا موضوع ہے Homoeopathy for Sustainable Health۔

آج کے دن کی مناسبت سے ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی پروگرام منعقد ہوئے ۔

**<u>ایل جی ملاقات</u>**

**BJP پردیش کے ترجمان گورو گپتا کی قیادت میں ایک وفد نے جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کرکے توی ریور فرنٹ کا بہترین کام کرنے کیلئے ان کا شکریہ اداکیا۔**

**اسی طرح سے پُر منڈل اُتر بہنی تیرتھ سیوا نِیاس کے ایک وفد نے بھی لیفٹننٹ گورنر سے ملاقات کی ۔**
**سانبہ ضلع سے تعلق رکھنے والے ایک وفد نے بھی سابق وزیر یشپال کنڈل کی قیادت میں منوج سنہا سے ملاقات کی ۔**
**انڈین چیمبر آف کامرس جموں چپٹر کے چیر مین راہل سہائے // اور انٹر نیشنل پیرا اتھلیٹ ایس چرن دیپ سنگھ نے بھی ایل جی سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔**

**<u>SKUAST</u>**

**شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر نے Morchella جسے Gucchi عرف عام میں کے نام سے جانا جاتا ہے، کی کاشتکاری سے متعلق ٹیکنالوجی وجود میں لائی ہے۔**
**Gucchi دنیا کے مہنگے ترین مشروم میں سے ایک مشروم ہے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے اس پیش رفت کےلئے سائنسدانوں کی تعریف کی ہے۔**

**<u>اننت ناگ</u>**

**خوراک او ر امور صارفین محکمے کی جانب سے ضلع اننت ناگ میں تین گیس ایجنسیوں کے نام وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔**
**ہمارے اننت نا گ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ان ایجنسیوں کو اپنا جواب دائر کرنے کیلئے تین دن کی مہلت دی گئی ہے ۔**
**ضلع کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر CAPD مظفر احمد ملک نے بتایا کہ ان ایجنسیوں کے خلاف شکایات مل رہی تھیں کہ وہ عوام کو ہر وقت خدمات فراہم نہیں کر تی تھیں۔**

**<u>بریک</u>**

**یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔**
**پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔**

**ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس**
**Radiokashmir@gmail.com - پر بھیج سکتے ہیں**
**ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔**

**<u>PDP</u>**

**پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے سرینگر ضلع یونٹ کے کارکنوں کی ایک میٹنگ آج سرینگر میں منعقد ہوئی جس کی صدارت پارٹی کی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے کی ۔ میٹنگ میں پارٹی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے علاوہ آنے والے بلدیاتی اور پنچایتی اداروں کے انتخابات کے لئے تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری خورشید**

عالم ، سابق وزیر نعیم اختر اور آسیہ نقاش کے علاوہ پارٹی کی خواتین وِنگ کی صدر انجم فاضلی کے علاوہ کئی دیگر سینئر لیڈر بھی موجود تھے ۔

**نیشنل کانفرنس**

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا ہے کہ وہ عوام کے ساتھ رابطے کو مزید مضبوط بنانے کے لئے کام کریں ۔ سرینگر میں پارٹی کارکنوں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے آئندہ کے پنچایتی اور بلدیاتی انتخابات کے لئے منظم تیاریاں شروع کرنے پر زور دیا ۔

**فاروق عبداللہ**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج آثار شریف حضرت بل میں نماز جمعہ ادا کی اور جموں کشمیر میں امن و امان کے مکمل قیام کے علاوہ عالمِ انسانیت کی خوشحالی اور ترقی کے لئے دعا کی ۔

بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے مغربی ایشیاءکی موجودہ صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا ۔

**کشمیر پولیس**

کولگام پولیس نے 14منشیات سمگلروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی ایک بڑی مقدار بر آمد کر لی ہے ۔ضلع پولیس نے ضروری لوازمات پورا نہ کرنے کی پاداش میں ایک دوا خانے کو بھی سربمہر کر دیا ہے ۔

اسی طرح سے شوپیان پولیس نے ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اُس کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے۔

دریں اثنا اننت ناگ پولیس نے چار جواریونکو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے داؤ پر لگائی جانے والی کچھ رقم بر آمد کر لی ہے۔

بارہمولہ پولیس نے ضلع کے وُسن کنزر علاقے میں اراضی کے ایک اسکینڈل کو ٹال دیا ہے اور اس سلسلے میں سات ایسے ٹھگوں کوگرفتار کیا ہے جن میں سے کچھ اپنے آپ کو زمین کا مالک اورجبکہ کچھ دیگر مال محکمے کے ملازمین جتارہے تھے ۔

بارہمولہ پولیس کی جانب سے ایک اسکول میں منشیات کے خلاف بیداری کا ایک پروگرام منعقد کیا گیا ۔پلوامہ پولیس نے ضلعے کے لتر علاقے میں ایک بر وقت کارروائی کرکے چرس کی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے۔

گاندربل پولیس کی طرف سے بھی نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ضلعے کے مختلف علاقوں میں منشیات کے خلاف جانکاری کے کئی پروگرام منعقد کئے گئے ۔

گاندربل پولیس اور آیوش اسپتال گاندربل نے ساتھ ہی ضلع پولیس لائینز میں ورلڈ اورل ہیلتھ ڈے کی مناسبت سے ایک طبی کیمپ بھی منعقد کیا۔

پلوامہ پولیس کی جانب سے ایمر جنسی ریسپانس خدمات کو مزید فعال کرنے کی غرض سے SSP پلوامہ تنو شری نے آج ضلع پولیس لائینز سے Dial 112 کی نئی گاڑیوں کو روانہ کیا۔ ایک اہم پیشرفت کے تحت

**ACB**

جموں کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے جنوبی کشمیر کے کولگام کے دیو سر بلاک میں کام کرنے اننت ناگ کے رہنے والے شیخ زادہ عرفان نامی ایک پنچایت سیکریٹری کو Muniwara والے پانچ ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھونگرفتار کر لیا ہے۔
دریں اثناء ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر 9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

**فوج**

فوج کی چنار کور کی طرف سے اختراعیت ، کھیل کود اور تدریسی معیار میں بہتری لانے کیلئے کام کرنے والوں کے اعتراف میں بادامی باغ کنٹونمنٹ سرینگر میں منعقد ہ ایک تقریب کے دوران آرمی گڈول اسکول بٹکوٹ کی فائقہ فرحین اور آرمی گڈول اسکول بانڈی پورہ کی فضافیاض کی حوصلہ افزائی کی گئی۔
اِن چیف لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما اور آرمی GOC اس موقعے پر چنار کور کے شمالی کمان کے Wives ویلفیئر ایسوسی ایشن کی علاقائی صدر Shinei شرما بھی موجود تھیں۔

**جموں پولیس**

ادھمپور کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ضلع پولیس کے SSP آفیسر امرت پال سنگھ نےIPS سینئر افسروں اور جوانوں کے ساتھ ایک تعارفی میٹنگ کی ۔

پونچھ پولیس کی طرف سے گورنمنٹ پالی ٹیکنیک کالج سَتھرا میں منشیات مخالف جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

اسی طرح کا ایک پروگرام گورنمنٹ ڈگری کالج مینڈھر میں بھی منعقد کیا گیا۔

ادھمپور پولیس نے ضلعے کے ٹکری علاقے میں ایک سمگلر کو ہیرائن کی کچھ مقدار کے ساتھ گرفتار کر لیا ہے۔

کشتواڑ پولیس نے بھی ایک سمگلر کو ہیرائن جیسی شئے کے ساتھ گرفتار کر لیا ہے۔

ادبی تقریب

جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کے اہتمام سے ٹائیگور ہال سرینگر میں آج ایک ادبی تقریب منعقد ہوئی جس میں تین کتابوں کی رسم و رونمائی انجام دی گئی ۔ان میں حُزیفہ افضل کی ایک اورپربھلین کور کی دو کتابیں شامل ہیں۔
تقریب کی صدارت ماہر تعلیم پروفیسر نیر جا مٹو نے کی جبکہ اس موقعے پر دیگر شخصیات کے علاوہ اکیڈمی کی سیکریٹری ہر وِندر کور اور ایڈیشنل سیکریٹری عدیل سلیم بھی موجود تھے۔

کرمہ یوگی پورٹل

Samuhik کمشن کے اہتمام سے Resident نئی دلی میں قائم جموں کشمیر سرکار کے Charcha کا انعقاد ہوا جس دوران کرمہ یوگی پورٹل سے متعلق سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا ۔ یہ Sadhana Saptah کے ایک حصے کے طور پروگرام دو اپریل سے آٹھ اپریل تک منائے گئے منعقد کیا گیا ۔

**<u>ریل</u>**

**اور اب ریل خدمات سے متعلق چند خبریں**

**شمالی ریلوے نے سرینگر کٹڑہ ریلوے سیکٹر پر خصوصی ریل گاڑی نمبر04679 /04680 گیارہ اپریل سے15اپریل تک چلانے کا فیصلہ کیا ہے ۔**

**کوچز میں کرایہ ACریل گاڑی کے جنرل اور سلیپر کوچز کےلئے کرایہ 240 روپے ہے جبکہ 3 780 روپے ہے۔ ریلویز کے مطابق اس ریل گاڑی میں دونوں اطراف سے 2 سو ریزروڈ سیٹیں دستیاب ہیں۔**

**اسی دوران شمالی ریلوے ڈیجیٹل سفر پر بھی گامزن ہو رہا ہے ۔ سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر جموں اُچت سنگھل کی قیادت مینجموں ڈویژن میں مسافروں کو" ریل وَن ایپ " استعمال کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے جہاں سے وہ اپنا ٹکٹ آن لائن خرید سکتے ہیں ۔**

**<u>سیاح</u>**

**موسم بہار کی آمد کے ساتھ ہی وادی میں سیاحوں کا رش بڑھنے لگا ہے ۔ اننت ناگ سے ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ملک اور بیرون ملک سے آنے والے سیاح جنوبی کشمیر اور وادی کے مختلف سیاحتی مقامات کی سیر کر کے قدرتی نظاروں سے محظوظ ہو رہے ہیں ۔ کئی سیاحوں نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے جذبات کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔**

**<u>سندھی زبان</u>**

**نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج بھارت کے آئین کا سندھی زبان میں ترجمہ جاری کیا۔ اس موقع پر سی پی رادھا کرشنن نے کہا کہ سندھی قدیم ترین اور موسیقیت سے لبریز زبانوں میں سے ایک ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بھارت کی آزادی کے بعد سے اب تک پہلی بار بھارت کے آئین کا سندھی ترجمہ دیوناگری رسم الخط میں جاری کیا گیا ہے۔**

**<u>سطح آب</u>**

**وادی کے مختلف ندی نالوں اور دریاؤں میں پانی سطح میں کچھ اضافہ درج کیا گیا ہے۔ آبپاشی و فلڈ کنٹرول محکمے کی طر ف سے جا ری اعداد و شمار کے مطابق آج صبح نو بجے دریائے جہلم میں سنگم کے مقام پر پانی کی سطح 1 اعشاریہ 8 نوفٹ اور رام منشی باغ میں 5 اعشاریہ 8 صفر فٹ درج کی گئی۔**

**اسی طرح ولر جھیل میں پانی کی سطح 1 ہزار 5 سو 74 اعشاریہ ایک 6میٹر جبکہ کھڈونی کے مقام پر ویشو نالے میں2 اعشاریہ7 ایک میٹر ریکارڈ کی گئی ۔ اسی طرح دُدرہامہ گاندربل میں دریائے سندھ میں صفر اعشاریہ تین چار میٹر سطح آب ریکارڈ کی گئی۔**

**<u>موسم</u>**

**محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 5 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر59منٹ پر ہو گا۔**